روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 10 اپریل 2007ء 21 ربیع الاول 1428 ہجری 10 شہادت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 77

قاضی کیلئے نصیحت

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جو شخص قضاء کے عہدہ پر فائز ہوا سے چاہئے کہ عدل کے ساتھ فیصلے کرے اور مناسب یہ ہے کہ اس عہدہ سے اس طرح نکلے کہ اس پر کوئی الزام نہ ہو

(جامع ترمذی کتاب الاحکام باب ماجاء فی القاضی حدیث نمبر:1243)

احادیث کی روشنی میں خدا تعالیٰ کی صفت مالکیت پر مبنی پُر معارف خطبہ جمعہ

تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور اپنی رعیت کے بارے میں جوابدہ ہے

عہدیداران کا فرض ہے کہ انصاف کو قائم رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کی نمائندگی کا حق ادا کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 6۔اپریل 2007ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ فرمودہ 6۔اپریل 2007ء احادیث کے حوالے سے خدا تعالیٰ کی صفت مالکیت کے ذکر میں پر معارف نکات پر مبنی حسب معمول ایم ٹی اے پر بیت الفتوح لندن سے مختلف زبانوں سے تراجم کے ساتھ براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے ایک حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور اپنی رعیّت کے بارے میں جوابدہ ہے۔ امام نگران ہے اپنی رعیت پر، آدمی اپنے گھر والوں پر نگران ہے، عورت اپنے خاوند کے گھر کی نگران ہے اور خادم اپنے مالک کے مال کا نگران ہے۔ ان سب لوگوں کے سپرد مالکِ کل خدا نے جو جو ذمہ داریاں کی ہوئی ہیں، ان کے بارے میں ان سے پوچھا جائے گا۔ جس دن وہ مالک یوم الدین جزا سزا کے فیصلے کرے گا اس دن یہ سب لوگ جوابدہ ہوں گے اور یہ ذمہ داری بغیر اللہ تعالیٰ کے فضل کے شامل حال ہونے کے ادا نہیں ہوسکتی اور اس کے فضلوں کو دعاؤں کے ذریعے ہی جذب کرنے کی کوشش کی جاسکتی ہے۔ فرمایا کہ آپ لوگ دعاؤں کے ذریعے میری مدد کریں اور میں بھی ہر وقت آپ لوگوں کیلئے دعا گو رہوں۔ کیونکہ جماعت اور خلافت لازم اور ملزوم ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ تمام عہدیداران کا بھی فرض ہے کہ انصاف کو قائم رکھتے ہوئے اس نمائندگی کا حق ادا کرنے کی کوشش کریں جو ان کے سپرد کی گئی تا کہ خلیفۂ وقت کی بھی احسن رنگ میں مدد کرسکیں اور تا کہ جزا سزا کے دن اُس کو سرخرو کروانے والے بھی ہوں۔ پس اپنی ذمہ داریوں کو دعاؤں کے ساتھ نبھانے کی کوشش کریں فرمایا کہ میں جہاں اپنے لئے دعا کرتا ہوں وہاں عہدیداروں کیلئے بھی دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو ہمیشہ انصاف پر قائم رکھتے ہوئے سیدھے راستے پر چلائے۔ اگر انصاف سے کام لیتے ہوئے ان لوگوں کو منتخب نہیں کرتے جو اس کام کے اہل ہیں، اگر ذاتی تعلق، رشتے داریاں یا برادریاں آڑے آ رہی ہیں تو اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی بھی نافرمانی کر رہے ہیں کہ ''تم امانتیں ان کے مستحقوں کے سپرد کرو'' جو ذمہ داریاں سپرد کی گئی ہیں ان کو انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے ادا کرو کیونکہ جزا سزا کے دن ان کے بارے میں پوچھے جاؤ گے۔ فرمایا کہ یہ سال جماعتی انتخابات کا سال ہے۔ ہر کام دعا سے کریں اور دعائیں کرتے ہوئے اپنے عہدیداران منتخب کریں اور ہمیشہ دعاؤں سے آئندہ بھی اپنے عہدیداروں کی اور میری مدد کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ گھر کے سربراہ کو بھی یاد رکھنا چاہئے کہ اپنے بچوں یا خاندان کی تربیت کی ذمہ داری بھی ان پر ہے۔ ان کے اپنے عمل نیک ہونے چاہئیں۔ نظام جماعت اور نظام خلافت سے گہری وابستگی ہو۔ اللہ تعالیٰ کے حکموں کی پابندی کی طرف پوری توجہ اور کوشش ہو، تبھی صحیح رنگ میں اپنے زیر اثر افراد کی تربیت کرسکیں گے۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹنے کیلئے احساس ذمہ داری کے ساتھ دعاؤں کی طرف بھی توجہ دینی چاہئے تا کہ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اپنی اپنی ذمہ داریاں نبھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرتؐ نے اُس مالک سے بخشش مانگنے کیلئے ایک دعا سکھائی ہے اور فرمایا کہ اے خدا میں تیرا شکر گزار بندہ بنتے ہوئے تیرے آگے جھکنے والا بنا رہوں اور تیری پناہ میں رہوں تا کہ آگ سے بچایا جاؤں۔ پس آنحضرتؐ کا اپنے لئے دعا کرنا یہ بتاتا ہے کہ حقیقی مومن اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بنتے ہوئے دعا کی طرف توجہ دیتا ہے۔ گناہوں کا اعتراف کرتے ہوئے بخشش طلب کرنا، اللہ تعالیٰ کی حمد اور تعریف کرنا اور اس کی عبادت کرنا آگ سے بچت کا ذریعہ بنتا ہے۔ حضور انور نے خدا تعالیٰ سے بخشش اور ہدایت طلب کرنے کے بارے میں احادیث کی روشنی میں تفصیل سے ذکر فرمایا۔

حضور انور نے آنحضرتؐ کا خدا تعالیٰ کی صفت مالکیت کے کامل پَرتو بنتے ہوئے اس صفت کے اظہار کے بارے میں آپؐ کے ذاتی نمونوں کا احادیث کے حوالے سے نہایت لطیف انداز میں واقعات کی شکل میں تذکرہ فرمایا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کے ساتھ بھی وعدے فرمائے ہوئے ہیں جن میں سے کئی ہم نے پورے ہوتے دیکھے ہیں، دیکھ رہے ہیں اور آئندہ بھی دیکھیں گے۔ حضور انور نے حضرت مسیح موعود کے ساتھ صفت مالکیت کے تحت الٰہی نظاروں کا حسین تذکرہ فرمایا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر روز حضرت مسیح موعود کے ساتھ کئے ہوئے وعدوں کو پورا فرما رہا ہے، ہم ان کو دیکھ رہے ہیں اور آئندہ بھی ہمیں دکھاتا رہے اور وہ وعدے یا نشان جو ابھی پورے نہیں ہوئے یا ہونے ہیں، ان کو بھی ہمیں اپنی زندگیوں میں دیکھنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہم بھی اس مالک کے آگے ہمیشہ جھکے رہنے والے ہوں۔ (آمین)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔ احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

جنت میں ایک ساتھ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں:۔

تیموں سے بھی حسن سلوک کرو۔ ان کا بھی خیال رکھو۔ ان کو معاشرے میں محرومیت کا احساس نہ ہونے دو اور اس حدیث کو یاد رکھو کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور یتیم کی پرورش کرنے والے جنت میں اس طرح ساتھ ہونگے جس طرح دو انگلیاں ہیں۔

(الفضل 19 نومبر 2004ء)

(مرسلہ: سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی

بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب جماعت اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکمل مکان کی تعمیر کے اخراجات 7 سے 8 لاکھ روپے کے درمیان ہوتے ہیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

منگل 17 اپریل 2007ء

12-30 am	لقاء مع العرب
1-30 am	خبریں
2-05 am	جامعہ کلاس
3-15 am	خطبہ جمعہ
4-20 am	انٹرویو
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-10 am	فرانسیسی سروس
6-35 am	لقاء مع العرب
7-30 am	خطبہ جمعہ
8-25 am	فرانسیسی سروس
9-25 am	انٹرویو
10-25 am	آئینہ
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-15 pm	عربی پروگرام
1-50 pm	سوال و جواب
2-20 pm	ورائٹی پروگرام
2-55 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	سندھی پروگرام
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
7-00 pm	جلسہ سالانہ قادیان 2004ء
8-15 pm	عربی پروگرام
8-55 pm	گلشن وقف نو
10-30 pm	سوال و جواب
11-30 pm	عربی سروس

بدھ 18 اپریل 2007ء

1-30 am	خبریں
2-05 am	گلشن وقف نو
3-20 am	الوصیت
4-00 am	خطاب
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
5-55 am	عربی پروگرام
6-30 am	لقاء مع العرب
7-45 am	ورائٹی پروگرام
8-30 am	سوال و جواب
9-30 am	الوصیت
9-55 am	جلسہ سالانہ قادیان 2004ء
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-20 pm	گلشن وقف نو
1-30 pm	سوال و جواب
3-00 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	سواحیلی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-05 pm	بنگلہ سروس
7-05 pm	علمی خطابات
7-50 pm	تقاریر
8-20 pm	گلشن وقف نو
9-35 pm	تعارف
10-00 pm	سوال و جواب
11-00 pm	لجنہ میگزین
11-30 pm	عربی سروس

جمعرات 19 اپریل 2007ء

12-30 am	لقاء مع العرب
1-30 am	خبریں
2-30 am	گلشن وقف نو
3-20 am	تقاریر
3-50 am	ہماری کائنات
4-20 am	علمی خطابات
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-00 am	گفتگو
6-40 am	لقاء مع العرب
7-40 am	دینِ حق
8-05 am	ہماری کائنات
8-50 am	علمی خطابات
9-25 am	گفتگو
9-55 am	تعارف
10-25 am	تقاریر
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	ملاقات
2-20 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
3-20 pm	انڈونیشین سروس
4-20 pm	المائدہ
4-40 pm	درس حدیث
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
7-00 pm	ترجمۃ القرآن
8-05 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
9-10 pm	ملاقات
10-20 pm	مقابلہ نظم
11-30 pm	عربی سروس

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم عبدالقدیر فیاض صاحب مربی سلسلہ ضلع لاڑکانہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بڑے بیٹے مکرم عطاء البصیر فیصل صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے مورخہ 4 فروری 2007ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ کا نام لائبہ نور تجویز کیا گیا ہے۔ نومولودہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ نومولودہ مکرم جان محمد صاحب مرحوم سابق معلم وقف جدید اور مکرم ماسٹر غلام محمد صاحب چانڈیو بلوچ آف قمر آباد ضلع نوشہرو فیروز کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے نومولودہ کی صحت و سلامتی، درازی عمر اور خادمہ دین ہونے کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

ولادت

مکرم ملک نصراللہ خان صاحب سیکرٹری اشاعت علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم ملک فرید احمد صاحب و محترمہ صائمہ فرید صاحبہ آف کینیڈا کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 22 مارچ 2007ء کو پہلے فرزند سے نوازا ہے جس کا نام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ولید احمد عطا فرمایا ہے اور بابرکت تحریک وقف نو میں بھی از راہ شفقت قبول فرمایا ہے نومولود محترم نسیم اختر صاحب علامہ ٹاؤن لاہور کا پہلا پوتا اور مکرم بشارت احمد صاحب وڑائچ زعیم اعلیٰ فیصل ٹاؤن لاہور کا نواسہ ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے اس بچے کو نیک، خادم دین اور جماعت و خاندان اور تمام خلق کیلئے نافع وجود بنائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم عبدالباسط صاحب ایڈووکیٹ کوٹلی آزاد کشمیر تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ امۃ السلام صاحبہ مورخہ 27 فروری 2007ء کو وفات پا گئی تھیں۔ مرحومہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں اور عرصہ بیس سال صدر لجنہ اماء اللہ ضلع کوٹلی رہیں۔ محترمہ امۃ السلام صاحبہ کے ایک داماد مکرم حامد مقصود عاطف صاحب مربی سلسلہ برکینا فاسو ہیں اور خاکسار کا بیٹا اور والدہ محترمہ کا پوتا مکرم عبدالعظیم احمد صاحب مربی سلسلہ نائیجیریا ہیں۔ والدہ صاحبہ کی وفات پر خاکسار تمام عزیز و اقارب کے تعزیت کرنے پر ان سب کا ممنون ہے اور تمام عزیز و اقارب اور احباب جماعت سے والدہ کی بلندی درجات کیلئے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

نکاح

مکرم منصور احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ حیدر آباد شہر و ضلع تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بھانجی محترمہ ھبۃ البصیر صاحبہ بنت مکرم چوہدری حمید احمد صاحب ساکن کوٹری کے نکاح کا اعلان مکرم منور احمد صاحب ابن چوہدری ناصر احمد صاحب ساکن ننکانہ حال یو۔کے سے 5 ہزار پونڈ حق مہر پر مکرم مشتاق احمد صاحب مربی سلسلہ نے مورخہ 12 جنوری 2007ء کو بیت الفضل نگمبو سری لنکا میں پڑھا۔ مکرمہ ھبۃ البصیر صاحبہ مکرم چوہدری محمد خان صاحب کاہلوں مرحوم سابق صدر جماعت احمدیہ نبی سر روڈ کی پوتی اور مکرم منور احمد صاحب مکرم حکیم حاجی سراج دین صاحب مرحوم درویش قادیان کے نواسے ہیں۔ احباب سے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کیلئے بہت بابرکت فرمائے۔

نکاح و تقریب شادی

مکرم مبشر احمد سنوری صاحب ابن مکرم منیر احمد صاحب سنوری سیکرٹری مال حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے نکاح کا اعلان ہمراہ محترمہ عائشہ احمد صاحبہ بنت مکرم رشید احمد صاحبسنوری والتھم فورسٹ لندن مکرم محمد یونس خالد صاحب مربی سلسلہ نے مورخہ 23 مارچ 2007ء کو بمقام بیت التوحید علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بعوض ایک لاکھ روپے حق مہر پر پڑھا۔ مورخہ 24 مارچ 2007ء کو تقریب رختصانہ لاہور میں ہوئی اور 25 مارچ 2007ء کو گراؤنڈ سکندر بلاک میں دعوت ولیمہ کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس کے اختتام پر مکرم رانا مبارک احمد صاحب صدر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور نے دعا کروائی۔ مکرم مبشر احمد صاحب سنوری محترمہ امۃ الحی قمر صاحبہ کا بیٹا اور مکرم نور احمد سنوری صاحب مرحوم کا پوتا ہے نیز حضرت عبداللہ سنوری صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے خیر و برکت کا موجب بنائے اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خطبہ جمعہ

مومن دین اور دنیا کے انعامات کے لئے اللہ تعالیٰ کو اس کی رحیمیت کا واسطہ دیتے ہوئے اس کے آگے جھکتا ہے

فیض رحیمیت اس شخص پر نازل ہوتا ہے جو فیوض مترقبہ کے حصول کی کوشش کرتا ہے

رفقاء حضرت اقدس مسیح موعود نے جو قربانیاں کیں اور جس مقام کو پایا ان کی اولادوں کو کوشش کرنی چاہئے کہ جو مقام ان کے بزرگوں نے حاصل کیا اس کو اگلی نسلوں میں بھی قائم رکھنے کی کوشش کریں

حضرت اقدس مسیح موعود کی پرمعارف تحریرات وارشادات کے حوالہ سے صفت رحیمیت کا روح پرور بیان

خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 16 ؍فروری 2007ء (16 ؍تبلیغ 1386 ہجری شمسی)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

اللہ تعالیٰ کے اپنے بندے پر اپنی رحیمیت کے جلوے دکھانے کے مختلف طریقے ہیں۔ کبھی بخشش طلب کرنے والوں کے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھولتے ہوئے ان کی بخشش کے سامان قائم فرماتا ہے، انہیں نیکیوں کی توفیق دیتا ہے۔ کبھی اپنے بندے کو یہ احساس دلاتا ہے کہ تمہارا میرے سے، میری رحمت کی طلب بھی، میری مہربانی سے ہے۔ اگر میرا فضل نہ ہوتا تو میری رحمت کی طلب کا تمہیں خیال نہ آتا۔ میری صفت رحمانیت کا تمہارے دل میں احساس بڑھنے سے تم میری طرف جھکے ہو اور کیونکہ یہ ایمان والوں کا شیوہ ہے کہ انہیں یہ احساس کرتے ہوئے جھکنا چاہئے کہ کتنے انعامات اور احسانات سے اللہ تعالیٰ ہمیں نواز رہا ہے۔ اس احساس کے زیر اثر تم جھکے ہو اور میری رحیمیت سے حصہ پایا ہے۔

پس اس بات کو ہمیشہ پیش نظر رکھو کہ میرے فضلوں کو سمیٹنے کے لئے مجھے پکارتے رہو، کیونکہ یہی چیز ہے جو تمہیں نیکیاں کرنے کی طرف مائل رکھے گی۔ کبھی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میری رحمت کو حاصل کرنے کے لئے میرے راستے میں جہاد کرنا اور میری خاطر ہجرت کرنا ضروری ہے جس سے میری رحمت کے دروازے تم پر واہوں گے، کُھلیں گے۔ کبھی فرماتا ہے کہ نماز پڑھنے والے، صدقہ دینے والے میری رحیمیت کے نظارے اس دنیا میں بھی دیکھیں گے اور اگلے جہان میں بھی۔

پھر مومنوں کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو صالح اعمال تم بجالاتے ہو اس کے نیک نتائج تم اس جہاں میں بھی دیکھو گے اور آئندہ کی زندگی میں بھی۔ غرض بے شمار ایسی باتیں ہیں جن کے کرنے سے اللہ تعالیٰ کی صفت رحیمیت سے ایک مومن حصہ پاتا ہے۔ اور ایک مومن کی نشانی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفت رحیمیت سے زیادہ سے زیادہ حصہ لے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی یہ صفت ہی ہے جو مومن اور غیر مومن میں فرق کرنے والی ہے۔ ایک مومن ہی کی یہ شان ہے کہ جب وہ اللہ تعالیٰ کے آگے جھکتا ہے تو اس سے روحانی اور مادی انعاموں اور اس کی رضا کا طلب گار رہتا ہے اور پھر وہ اس کو ملتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

”دوسری قسم رحمت کی وہ ہے جو انسان کے اعمال حسنہ پر مترتب ہوتی ہے کہ جب وہ تضرّع سے دعا کرتا ہے تو قبول کی جاتی ہے اور جب وہ محنت سے تخم ریزی کرتا ہے تو رحمت الٰہی اس تخم کو بڑھاتی ہے یہاں تک کہ ایک بڑا ذخیرہ اناج کا اس سے پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر غور سے دیکھو تو ہمارے ہر یک عمل صالح کے ساتھ خواہ وہ دین سے متعلق ہے یا دنیا سے، رحمت الٰہی لگی ہوئی ہے اور جب ہم ان قوانین کے لحاظ سے جو الٰہی سنتوں میں داخل ہیں کوئی محنت دنیا یا دین کے متعلق کرتے ہیں تو فی الفور رحمت الٰہی ہمارے شامل حال ہو جاتی ہے اور ہماری محنتوں کو سرسبز کر دیتی ہے۔

(منن الرحمٰن۔ حاشیہ متعلق۔ روحانی خزائن جلد 9 صفحہ 148)

پس یہ امتیاز ہے ایک مومن اور غیر مومن میں کہ مومن دین اور دنیا کے انعامات کے لئے اللہ تعالیٰ کو اس کی رحیمیت کا واسطہ دیتے ہوئے اس کے آگے جھکتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ قوانین الٰہی کے مطابق انعاموں کو حاصل کرنے کے لئے اور رحیمیت سے حصہ پانے کے لئے دعا کے ساتھ اُن اسباب اور قویٰ کو بھی کام میں لانا ہوگا جو کسی کام کے لئے ضروری ہیں۔ پھر نماز، روزہ، زکوٰۃ صدقہ وغیرہ ہیں۔ یہ اُس وقت اللہ کے حضور قبولیت کا درجہ رکھنے والے اور اس کی رحیمیت کے معجزات دکھانے والے ہوں گے جب دوسرے اعمال صالحہ کی بجا آوری کی طرف بھی توجہ ہوگی۔ اور یہی ایک مومن کا خاصہ ہے کہ وہ حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے والا ہوتا ہے اور پھر اللہ تعالیٰ کی رحیمیت کے صدقہ اس کے انعاموں کا طلبگار رہتا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

”فیض رحیمیت اُسی شخص پر نازل ہوتا ہے جو فیوض مترقبہ کے حصول کے لئے کوشش کرتا ہے“۔ ایسے فیض اٹھانے کی کوشش کرتا ہے جن کی اس کو خواہش اور انتظار ہو۔ ”اسی لئے یہ ان لوگوں سے خاص ہے جو ایمان لائے اور جنہوں نے اپنے ربّ کریم کی اطاعت کی۔ جیسے اللہ تعالیٰ کے اس قول (۔) (الاحزاب: 44) میں تصریح کی گئی ہے“۔ یعنی وہ مومنوں کے حق میں بار بار رحم کرنے والا ہے۔

(اعجاز المسیح۔ اردو ترجمہ از مرتب۔ تفسیر حضرت مسیح موعود سورۃ الاحزاب زیر آیت 44)

پس ایک تو یہ ہے کہ ایمان کے ساتھ اطاعت شرط ہے، اور اطاعت اس وقت حقیقی اطاعت ہو گی جب یہ مومن ہر قسم کے اعمال صالحہ بجالانے والا ہوگا اور پھر ایمان میں مضبوط ہوتا چلا جائے گا۔

پھر اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں بھی اس طرف توجہ دلاتا ہے کہ ایک دفعہ جب تمہیں اللہ نے ایمان لانے کی توفیق عطا فرما دی تو پھر اس ایمان کی حفاظت بھی تم نے کرنی ہے۔ اپنی عبادتوں کو بھی زندہ کرو، تمام حقوق اللہ بجالاؤ اور دوسرے نیک اعمال بجالاتے ہوئے حقوق العباد کی طرف بھی توجہ رکھو اور یہ ہر دو قسم کے اعمال تم اس وقت بجالانے والے ہو سکتے ہو جب اللہ تعالیٰ کا خوف تمہارے دل میں ہوگا۔ ایک فکر ہوگی کہ مَیں نے عبادت کی طرف بھی توجہ دینی ہے اور ہر دو حقوق ادا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے اس کی مدد حاصل کرنی ہے۔ کیونکہ اگر اس کی مدد شامل حال نہیں ہوگی تو نیک کاموں اور صالح اعمال کی انجام دہی نہیں ہو سکتی اور جب یہ صورت حال ہوگی تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے بہت قریب ہوتا ہے، ان پر رحمت سے توجہ فرماتا ہے، ان کو نیکیوں پر قائم رکھتا ہے اور ہر

قسم کے فتنہ وفساد سے بچاتا ہے۔ اللہ فرماتا ہے(۔)(الاعراف: 57) اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد نہ پھیلاؤ اور اسے خوف اور طمع کے ساتھ پکارتے رہو یقیناً اللہ کی رحمت احسان کرنے والوں کے قریب رہتی ہے۔ تو یہ ہے مومن کی نشانی کہ قومی طور پر بھی اور ذاتی طور پر بھی ایسی کوئی بات نہ کرو جس سے معاشرے میں فساد پھیلنے کا اندیشہ ہو۔ اگر ایسے حالات دیکھو جو پریشان کن ہوں اور تمہارے اختیارات سے باہر ہوں تو دعاؤں میں لگ جاؤ۔ اور جب ایک مومن اللہ تعالیٰ سے رحم کی امید رکھتے ہوئے اور فتنہ وفساد سے بچتے ہوئے اُس کو پکارے گا بشرطیکہ وہ خود بھی، جیسا کہ مَیں نے پہلے بھی کہا ہے کہ تمام شرائط اللہ تعالیٰ کی رحمت کو حاصل کرنے کی پوری کر رہا ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں پر توجہ کرتے ہوئے ان کی دعاؤں کو سنتا ہے اور ایسے ذرائع سے اس کی رحمت نازل ہوتی ہے کہ حیرانی ہوتی ہے، ایک انسان سوچ بھی نہیں سکتا۔ محسنین وہ لوگ ہیں جو حقوق العباد ادا کرنے والے ہیں اور حقوق اللہ بھی ادا کرنے والے ہیں اور اس طرف پوری توجہ دینے والے ہیں۔

اس فساد کے زمانے میں جس میں سے آج دنیا گزر رہی ہے اللہ تعالیٰ کا ہم احمدیوں پر یہ کس قدر احسان ہے کہ اس نے ہمیں حضرت مسیح موعود کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ کے اس احسان اور انعام کا کبھی بھی بدلہ نہیں اتارا جا سکتا لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ بھی احسان ہے، احسانوں پر احسان کرتا چلا جاتا ہے کہ فساد نہ کرنے والوں اور اس کی عبادت کرنے والوں کو محسنین میں شمار فرما رہا ہے اور ان کی دعائیں سننے کی تسلی فرما رہا ہے۔ پس یہ جو اتنا بڑا اعزاز ہمیں مل رہا ہے، یہ کوئی عام محسنین والا اعزاز نہیں ہے بلکہ وہ لوگ ہیں جو ہر وقت اللہ تعالیٰ کے خوف کی وجہ سے اس کے احکامات پر عمل کرتے ہیں اور اسی طرح اس کی بجا آوری کرتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہیں اور اسے دیکھ رہے ہیں یا کم از کم خدا تعالیٰ انہیں دیکھ رہا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نماز کی حالت میں بھی تمہاری یہ حالت ہونی چاہئے کہ تم اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے اسے دیکھ رہے ہو یا کم از کم یہ احساس ہو کہ اللہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔ پس جب یہ حالت ہوگی تو اللہ تعالیٰ کی ہر قسم کی رحمت کے دروازے ایک مومن پر کھلیں گے۔

ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے راستے میں جہاد کرنے والے، میری خاطر قربانیاں کرنے والے اور میری خاطر ہجرت کرنے والے، یہ بھی ایسے لوگ ہیں جو میرے قریبیوں میں سے ہیں جو میری رحمت سے وافر حصہ پانے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے(۔) (البقرۃ:219) یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا یہی وہ لوگ ہیں جو اللہ کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اللہ بہت بخشنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔

ایمان کے ساتھ ہجرت کی اور جہاد کی شرط رکھی ہے اور یہ چیز پھر ایمان لانے والوں کو اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید دلاتی ہے۔ یہاں ہجرت سے مراد صرف ایک جگہ کو چھوڑنا ہی نہیں ہے کہ ہمیں اس لئے اسے چھوڑنا پڑا کیونکہ ان نیکیوں کو بجا لانے میں کسی خاص جگہ پر، یا کسی شہر میں یا ملکوں میں رکاوٹ پیدا ہو رہی تھی جن کے کرنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے بلکہ حضرت مسیح موعود(۔) فرماتے ہیں کہ نفس کی خواہشوں کو چھوڑنے والے لوگ بھی اس زمرہ میں شامل ہیں جو اپنے نفس کو قربان کرنے والے ہیں، اپنی برائیوں کو ختم کر کے نیکیوں پر قائم ہونے والے ہیں۔

پس ان مغربی ممالک میں آنے والے افراد کو بھی اس طرف توجہ رکھنی چاہئے کہ اگر حالات کی وجہ سے اپنے ملکوں کو چھوڑنا پڑا ہے تو صرف اس بات پر خوش نہیں ہو جانا چاہئے کہ باہر آ کر ہمارے حالات اچھے ہو گئے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے حصہ لینے کے لئے اپنی حالتوں کو بھی بدلنے کی ضرورت ہے۔ اپنے نفس کی بدیوں کو باہر نکال کر ان میں نیکیوں کو داخل کرنے کی ضرورت ہے۔ تب یہ ہجرت مکمل ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو موقع دیا ہے اس موقع سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اپنی عبادتوں کے معیار بلند کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے پیغام کو پہنچانے کے لئے اُس جہاد میں شامل ہونے کی ضرورت ہے جو اللہ تعالیٰ کے اس پاک دین کا پیغام پہنچا کر ہم نے کرنا ہے۔ اس جہاد کے لئے مالی قربانیوں کی ضرورت ہے اور یہ مالی قربانیوں کا جہاد ہر احمدی کا جہاں بھی دنیا میں ہے ہمیشہ طُرّہ امتیاز رہا ہے۔ یہاں آ کر کشائش پیدا ہو جانے کے بعد اس طرف سے بے پرواہ نہیں ہو جانا چاہئے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ایک احمدی کو جو جسمانی ہجرت کا موقع عطا فرمایا ہے اسے اس ہجرت کی وجہ سے اپنے نفس کی اصلاح کی طرف بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ پہلے سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی رحمت حاصل کرنے والے بن سکیں اور فی زمانہ جماعت کو جب ضرورت پڑتی ہے اور وقت اور مال کی قربانی کی طرف بلایا جاتا ہے تو اس طرف بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

ہمیشہ یاد رکھیں یہ ان مومنین کی قربانیاں ہی تھیں جنہوں نے قرون اولیٰ میں بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جذب کیا اور حضرت مسیح موعود کے زمانے میں بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت کو سمیٹنے کے لئے (۔) حضرت مسیح موعود نے کوشش کی، ملک بدر ہوئے، مالی نقصانات برداشت کرنے پڑے، جہاد کرنا پڑا، سب کچھ ہوا۔ اور پھر ان قربانیوں کو ایسے پھل لگے کہ آج ہم دیکھ کر حیران ہوتے ہیں۔ انہوں نے اپنے نفس کی بھی اصلاح کی، اپنی برائیوں کو ترک کیا، نیکیوں کو اختیار کیا اور حضرت مسیح موعود کے پیغام کو پہنچانے کے لئے اعلیٰ قربانیاں دیں۔

پس ہم میں سے آج بھی وہی لوگ خوش قسمت ہیں اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جذب کرنے والے ہیں جو اس اصول کو سمجھے ہوئے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ جیسا کہ فرماتا ہے، وہ بہت بخشنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔ اگر ہم اپنی غلطیوں کا احساس کرتے ہوئے اس کے آگے جھکنے والے اور اس کے دین کی سربلندی کے لئے قربانی اور کوشش کرنے والے ہوں گے تو یقیناً اللہ تعالیٰ کی رحمت سے حصہ پانے والے ہوں گے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسی کوشش کو کبھی ضائع نہیں کرتا جو نیک نیتی سے اس کی خشیت دل میں رکھتے ہوئے اس کی خاطر کی جائے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ''عادت الٰہیہ اسی طرح پر جاری ہے کہ وہ اس کی کوششوں کو ضائع ہونے نہیں دیتا بلکہ اُن تمام کوششوں پر ثمرات حسنہ مترتب کرتا ہے''۔

اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو اپنی رحیمیت سے ہمیشہ حصہ دیتا چلا جائے۔ اور ہر احمدی کو ایسی توفیق دیتا رہے کہ وہ ایسی ثمر آور کوشش کرنے والا ہو، جو ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو حاصل کرنے کا باعث بنتی رہے۔

حضرت مسیح موعود ایک جگہ فرماتے ہیں۔ ''تیسری قسم فیضان کی فیضان خاص ہے۔ اس میں اور فیضان عام میں یہ فرق ہے کہ فیضان عام میں مستفیض پر لازم نہیں کہ حصول فیض کے لئے اپنی حالت کو نیک بناوے''۔ جو اللہ تعالیٰ کے فیض ہیں، اس میں دو قسم کے فیض ہیں، ایک خاص اور ایک عام۔ عام تو رحمانیت کی صورت میں ہے اور خاص رحیمیت کی صورت میں ہے۔ فرمایا کہ رحمانیت کے لئے ضروری نہیں ہے کہ ضرور نیکیوں کو اختیار کرنا ہے اور اپنی حالت کو بدلنا ہے۔ فرمایا ''فیضان عام میں مستفیض پر لازم نہیں کہ حصول فیض کے لئے اپنی حالت کو نیک بناوے اور اپنے نفس کو حُجُبِ ظلمانیہ سے باہر نکالے''۔ یعنی نفس کو جو اندھیرے میں چھپا ہوا ہے اس سے باہر نکالے۔ ''یا کسی قسم کا مجاہدہ اور کوشش کرے بلکہ اس فیضان میں .... خدائے تعالیٰ آپ ہی ہر یک ذی روح کو اس کی ضروریات جن کا وہ حسب فطرت محتاج ہے عنایت فرماتا ہے اور بن مانگے اور بغیر کسی کوشش کے مہیا کر دیتا ہے۔ لیکن فیضان خاص میں جہد اور کوشش اور تزکیہ قلب اور دُعا اور تضرّع اور توجہ الی اللہ اور دوسرا ہر طرح کا مجاہدہ جیسا کہ موقع ہو شرط ہے''۔ اللہ تعالیٰ کی رحیمیت حاصل کرنی ہے تو اس کے لئے کوشش کرنی پڑتی ہے۔ اپنے دلوں کو صاف کرنا پڑتا ہے، دعاؤں کی طرف توجہ دینی پڑتی ہے اور صرف سطحی قسم کی دعائیں نہیں، انتہائی تضرع اور عاجزی سے گڑگڑاتے ہوئے اس کے سامنے جھکنا ہے اور پوری طرح اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ دینی ہوگی۔ اور پھر اس کے علاوہ جو بھی مجاہدہ کسی بھی کام کرنے کے لئے ضروری ہے اس کو اختیار کرنا ہوگا۔

فرمایا: ''اور اس فیضان کو وہی پاتا ہے جو ڈھونڈتا ہے''۔ جو ڈھونڈے گا اس کو اللہ تعالیٰ کا فیضان

ملے گا۔'' اور اُسی پر وارد ہوتا ہے جو اس کے لئے محنت کرتا ہے۔ اور اس فیضان کا وجود بھی ملاحظہ قانون قدرت سے ثابت ہے۔ کیونکہ یہ بات نہایت بدیہی ہے کہ خدا کی راہ میں سعی کرنے والے اور غافل رہنے والے دونوں برابر نہیں ہو سکتے''۔ یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں کوشش کرنے والے ہوں اور ایسے لوگ جو اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے سے غافل بیٹھے ہوں وہ کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔ ''بلاشبہ جو لوگ دل کی سچائی سے خدا کی راہ میں کوشش کرتے ہیں اور ہر یک تاریکی اور فساد سے کنارہ کش ہو جاتے ہیں ایک خاص رحمت ان کے شامل حال ہو جاتی ہے۔ اس فیضان کے رُو سے خدائے تعالیٰ کا نام قرآن شریف میں رحیم ہے اور یہ مرتبہ صفت رحیمیت کا بوجہ خاص ہونے اور مشروط بہ شرائط ہونے کے مرتبہ صفت رحمانیت سے موخر ہے''۔ یعنی بعد میں آیا ہے ''کیونکہ خدائے تعالیٰ کی طرف سے اوّل صفت رحمانیت ظہور میں آئی ہے۔ پھر بعد اس کے صفت رحیمیت ظہور پذیر ہوئی۔ پس اسی ترتیب کے لحاظ سے سورۃ فاتحہ میں صفت رحیمیت کو، صفت رحمانیت کے بعد میں ذکر فرمایا اور کہا اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اور صفت رحیمیت کے بیان میں کئی مقامات پر قرآن شریف میں ذکر موجود ہے جیسا ایک جگہ فرمایا ہے وَکَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا (الاحزاب: 44)'' پہلے مَیں مثال دے آیا ہوں۔ ''یعنی خدا کی رحیمیت صرف ایمانداروں سے خاص ہے جس سے کافر کو یعنی بے ایمان اور سرکش کو حصہ نہیں۔

اس جگہ دیکھنا چاہئے کہ خدا نے کیسی صفت رحیمیت کو مومن کے ساتھ خاص کر دیا۔ لیکن رحمانیت کو کسی جگہ مومنین کے ساتھ خاص نہیں کیا اور کسی جگہ یہ نہیں فرمایا کہ وَکَانَ بِالْمُؤْمِنِیْن رَحْمَانًا بلکہ جو مومنین سے رحمت خاص متعلق ہے ہر جگہ اس کو رحیمیت کی صفت سے ذکر کیا ہے۔ پھر دوسری جگہ فرمایا ہے (۔) (الاعراف: 57) یعنی رحیمیت الٰہی انہی لوگوں سے قریب ہے جو نیکوکار ہیں۔ پھر ایک اور جگہ فرمایا ہے (۔) (البقرۃ: 219) یعنی جو لوگ ایمان لائے اور خدا کے لئے وطنوں سے یا نفس پرستیوں سے جدائی اختیار کی اور خدا کی راہ میں کوشش کی، وہ خدا کی رحیمیت کے امیدوار ہیں اور خدا غفور اور رحیم ہے۔ یعنی اس کا فیضان رحیمیت ضرور ان لوگوں کے شامل حال ہو جاتا ہے کہ جو اس کے مستحق ہیں کوئی ایسا نہیں جس نے اس کو طلب کیا اور نہ پایا۔

(براہین احمدیہ روحانی خزائن جلد اوّل صفحہ 450-452 حاشیہ نمبر 11)

یہاں سورۃ بقرہ کی جو یہ آیت ہے (۔) اس ضمن میں یاد آیا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بھی ایک حدیث کا واقعہ لکھا ہے لیکن مجھے اس سے خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضرت مسیح موعود کے (۔) کو بھی جماعت میں بہت مقام تھا اور جو (۔) کی اولاد ہیں، جب بھی کبھی کوئی تعارف کرانے لگے تو ضرور کراتے ہیں کہ میرے نانا یا دادا (۔) تھے۔ تو یہ جو اُن کا (۔) ہونا تھا یہ اُن اولادوں کو یہ احساس دلانے والا ہونا چاہئے کہ جس طرح اُنہوں نے اپنے نفس کو بھی کچلا، ہجرت کا حق بھی ادا کیا، اپنے گھر بار کو بھی چھوڑا، قربانیاں بھی کیں۔ اُس مقام کو ہم نے قائم رکھنے کی کوشش کرنی ہے۔

